بیتھرے ہیرا | مصنفہ ڈاکٹر سعید احمد بریلوی، تقطیع خورد، ضخامت ۱۷۶ صفحات کاغذ خاکی۔ لکھائی چھپائی متوسط قیمت ۸/ پتہ:۔ نیا کتاب گھر اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

زیر نظر کتاب میں یہ بتایا گیا ہے کہ بچوں کے لئے عمدہ تربیت و اخلاقی تعلیم از حد ضروری ہے۔ نیز تربیت کے ذریعہ بد چلن و قبیح سیرت بچوں کو بھی حسن سیرت اور اعلیٰ کیرکٹر کا حامل بنا دیا جا سکتا ہے۔ کتاب مجموعی حیثیت سے اصلاحی رنگ میں خاصی دلچسپ اور مفید ہے۔ بعض مواقع میں مذہب و اخلاق پر چند تقریریں ایسے معقول و دلنشین انداز میں کی گئی ہیں کہ جنہیں پڑھکر تسنیم کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ زبان کی پاکیزگی اور انداز بیان کی خوبی کے لئے ڈاکٹر سعید احمد کا نام کافی ضمانت ہے۔

چاند سورج کی چوری | از مسٹر عبدالرحیم چمن دہلوی، تقطیع خورد، طباعت کتابت متوسط قیمت ۸/ ۱۸۴ صفحات۔ پتہ:۔ نیا کتاب گھر اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

مسٹر چمن دہلوی جاسوسی ناول نگاری میں اچھی دستگاہ رکھتے ہیں۔ اس سے قبل ان کے دو جاسوسی ناول شائع ہو چکے ہیں اور پسند کئے گئے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب دلچسپ اور فنی حیثیت سے بہت کافی وقیع ہے۔ زبان سلیس و رواں اور شگفتہ ہے۔

باغی لڑکی | از شفیق بانو شفق۔ سائز خورد، کاغذ خاکی، صفحات ۱۴۰ کتابت و طباعت متوسط۔ قیمت ۸/۔ ناشر نیا کتاب گھر اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

باغی لڑکی محترمہ شفق کے تیئس طبعزاد افسانوں کا مجموعہ ہے۔ سوسائٹی میں جو غلط اور خلاف فطرت رسوم قائم ہو گئی ہیں، ان پر تنقید و اصلاح ان افسانوں کا ماحصل ہے۔ بیشتر افسانوں کا پلاٹ ایسا ہے جسے دلچسپ نہیں کہا جا سکتا تاہم مقصد اور زبان کے لحاظ سے یہ ایک اچھا اور کامیاب مجموعہ ہے۔

زار رتنہ | محترمہ عبدالرحیم صاحب چمن دہلوی۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۹۲ صفحات۔ طباعت و کتابت اور کاغذ بہتر قیمت ۸/ پتہ:۔ نیا کتاب گھر اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

۱۹۱۷ء میں روسی عوام نے حکومت کے غیر مدبرانہ اور ظالمانہ برتاؤ سے مجبور ہو کر بادشاہ کو